Total printed Page: 4]　　　　　　Roll No................

# MAUL-203

## Dastan, Drama, Novel & Afsana

M.A. Urdu (MAUL-12/16/17)

Second Year, Examination, 2020

Time : 2 Hours　　　　　　Max. Marks : 80

---

**ہدایات:۔** یہ پرچہ دو حصوں میں منقسم ہے۔ دونوں حصوں کے سوالوں کے جواب حسب ہدایت تحریر کیجئے۔

**(حصہ الف)**

مندرجہ ذیل سوالوں میں سے صرف دو کے جواب دیجئے۔ ہر سوال کے لئے بیس (20) نمبر مختص ہیں۔　　(2x20=40)

سوال 1۔ مندرجہ ذیل اقتباس کی تشریح مع سیاق وسباق کیجئے۔

ایک دن مولوی صاحب نماز پڑھ رہے تھے۔ حضرت نے ان کا نیا چڑھواں جوتا حوض میں پیرا دیا۔ خود بیٹھے ہوئے سیر دیکھ رہے ہیں۔ اتنے میں کہیں مولوی

صاحب سر پر پہنچ گئے۔ اب تو گوہر مرزا کی خوب مرمت ہوئی۔ مولوی صاحب نے مارے طمانچوں کے منہ لال کر دیا اور کان پکڑے ہوئے بنو کے گھر پر آئے۔ دروازے پر سے پکار کر کہا "لو صاحب اپنا لڑکا لو۔ ہم اسے نہ پڑھائیں گے"۔ یہ کہہ کر مولوی صاحب تو ادھر گئے گوہر مرزا مظلوم صورت بنائے ہوئے روتا ہوا گھر میں آیا۔ اس وقت اتفاق سے بوا حسینی بنو سے بیٹھی ہوئی باتیں کر رہی تھیں۔ لڑکے کا جو یہ حال دیکھا، آپ کو بہت ہی ترس آیا۔ لڑکے کے کرتوتوں سے تو آگاہ نہیں، مولوی صاحب کو بُرا بھلا کہنے لگیں۔

سوال 2۔ مندرجہ ذیل اقتباس کی تشریح کیجیے۔ سیاق وسباق کے حوالے بھی ضروری ہیں۔

لیکن اس ہنگامے کی آوازیں اندر شیش محل کے ایوانِ خاص تک نہیں پہنچتیں، وہاں کوئی آواز ہے تو سرنائیوں اور شہنائیوں کی جو اتنے محتاط فاصلے پر بجائی جارہی ہیں کہ ان کے نشاط بخش نغمے خوش آئند لوری کی طرح ایوان میں پہنچ رہے ہیں۔ جگہ جگہ نئی وضع کے یک شاخوں، دوشاخوں اور فانوسوں میں لمبی لمبی، کوئی سیدھی، کوئی بل کھاتی ہوئی سفید اور رنگین کافوری شمعیں روشن ہیں۔ زریں و سیمیں مجمروں میں سے عود و عنبر اور روح فزا کے نکہت بیز بادل اٹھ رہے ہیں اور آئینوں میں روشنیاں منعکس ہونے سے جو چکا چوند پیدا ہو رہی ہے، اس میں مل جل کر تمام ایوان پر عالم خواب کی سی کیفیت طاری کر رہے ہیں۔

سوال 3۔ پریم چند کی تخلیقات، انسان دوستی اور درد مندی کے جذبات سے معمور ہیں۔ ان کے افسانوں بالخصوص 'کفن' کے حوالے سے اس قول کی صداقت کا محاسبہ کیجئے۔

سوال 4۔ اردو ڈرامہ نگاری کے آغاز و ارتقاء پر ایک مضمون سپرد قلم کیجئے۔

سوال 5۔ آغا حشر کاشمیری کو اردو کا شیکسپیئر کہنا کس حد تک درست ہے، تائید یا تردید میں اپنے خیالات کا مدلل اظہار کیجئے۔

## (حصہ ب)

مندرجہ ذیل سوالوں میں سے کنہی چار پر مختصر مگر جامع اظہار خیال کیجئے۔ ہر سوال کے لئے دس (10) نمبر مختص ہیں۔ (4x10=40)

سوال 1۔ 'گوہر مرزا' کا تعارف پیش کیجئے۔

سوال 2۔ مجیب اور ان کی ڈرامہ نگاری پر ایک نوٹ لکھئے۔

سوال 3۔ سجاد حیدر کی نثر نگاری کی خصوصیات قلم بند کیجئے۔

سوال 4۔ 'آنندی' کا خلاصہ تحریر کیجئے۔

سوال 5۔ کالو بھنگی کا تنقیدی جائزہ پیش کیجئے۔

سوال 6۔ لاجونتی کے مصنف کے اسلوب نگارش کی انفرادیت اور خصوصیات تحریر کیجئے۔

سوال7۔ ڈرامہ ''الجھاوے'' کی روشنی میں مصنف کا اردو ڈرامہ نگاری میں کیا مقام ہے، تحریر کیجیے۔

سوال8۔ 'سب رس' کو دوسری داستانوں میں امتیازی حیثیت کیوں حاصل ہے؟ مختصراً تحریر کیجیے۔

*****